© rasailojaraid.com



# حقائق السنن شرح — جامع السنن للترمذی

پر

# اکابر علماء اور ماہر اساتذہ حدیث کے تبصرے و آراء

★ حضرت مولانا مفتی ولی حسن ۔ کراچی ★ حضرت مولانا محمد سرفراز خاں صفدر ۔ گوجرانوالہ

★ حضرت مولانا محمد حسن جان ۔ پشاور ★ حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی ۔ اٹک

★ حضرت مولانا قاضی عبدالکریم ۔ کلاچی

محدث کبیر استاذ العلماء شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کے تقریرات و امالیٔ ترمذی کی جلد اول گذشتہ سال حقائق السنن کے نام سے منظر عام پر آگئی ہے ۔ ملک بھر کے رسالوں ، علمی جرائد ، ماہناموں ، ہفت روزوں اور روزناموں وغیرہ میں اس پر گراں قدر تبصرے آچکے ہیں ۔ مرکز علم دارالعلوم دیوبند کے ماہنامہ ترجمان " دارالعلوم " نے اس پر مستقل اداریہ تحریر فرمایا ۔ عالم اسلام کے عظیم سکالر اور مفکر مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نے جلد اول کے لئے بطور مقدمہ ایک گراں قدر تحریر ارسال فرمائی ۔

ملک بھر سے مشائخ ، اکابر علماء ، اساتذہ حدیث اور فضلائے کرام کے گراں قدر آراء ، تقریظات اور تبصروں پر مشتمل خطوط بھی موصول ہوتے رہے ہیں ۔ ذیل میں مشائخ ، اکابر علماء اور ماہر اساتذہ حدیث کے گراں قدر مکاتیب کے بعض مقتبس حصے افادۂ عام کی غرض سے نذر قارئین ہیں ۔

**حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب کراچی**

حضرۃ الاستاذ مولانا عبدالحق صاحب انفع[1] شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے امالیٔ جامع ترمذی کے ایک حصہ کو تبرک کے طور پر دیکھا ۔ استاذی المحترم مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ کی تقریر ترمذی میں اپنے استاذ مکرم (شیخ العرب والعجم مولانا حسین احمد مدنی) کا رنگ ہے ۔ اس کی اشاعت سے حضرت مدنی کے خصوصیات درس علماء اور طلباء کے سامنے آجائیں گے

[1] شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حسین احمد مدنی دارالعلوم دیوبند میں مولانا عبدالحق نافع مرحوم سے امتیاز کے لئے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کا تذکرہ انفع کے ساتھ فرمایا کرتے ۔



© rasailojaraid.com